ادارہ

مسافرینِ آخرت

آہ ! غلام محمدؒ صاحب مرحوم

—— : مجلس احرارِ اسلام ملتان کے بزرگ کارکن محترم بھائی غلام محمد صاحب ۵ رمضان المبارک ۲۸ فروری کو مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے ، اناللہ و انا الیہ راجعون محترم غلام محمد صاحب مرحوم ۔ دین کا درد رکھنے والے انتہائی مخلص ، ایثار پیشہ ، جفاکش اور محبت کرنے والے انسان تھے ۔ مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم کی ترقی اور مسجد کی تعمیر میں انہوں نے ایک ذمہ دار کارکن کی حیثیت سے حصّہ لیا۔ مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ ہوئے تو پھر مرتے دم تک اسی سے وابستہ رہے حضرت امیرِ شریعت رحمہ اللہ سے بے پناہ محبت تھی ۔ سچی بات تو یہ ہے کہ انہوں نے جماعت کے کام والہانہ انداز میں عملی دلچسپی لی اور ہر وقت اسی دھن اور فکر میں مگن رہتے ، ان کی اچانک وفات سے ہم ایک بے لوث صالح اور دیانت دار ساتھی سے محروم ہو گئے ہیں ۔ ان کی خواہش کے مطابق ابنِ امیرِ شریعت سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور دعاؤں کے ساتھ اپنے محبوب ساتھی کو سپردِ خاک کیا ۔

- چیچہ وطنی میں مجلس احرارِ اسلام کے انتہائی مخلص معاون محترم بھائی رشید صاحب کے جواں سال فرزند گزشتہ ماہ انتقال کر گئے ۔ بھائی رشید صاحب —— عبد اللطیف خالد چیمہ صاحب اور محترم عباس نجمی صاحب کے قریبی عزیز ہیں ۔
- ڈیرہ اسمٰعیل خان کے سابق احرار کارکن محترم سیٹھ محمد اشرف صاحب کے بھائی سیٹھ عبد الواحد صاحب گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے !

قارئین سے گزارش ہے کہ رمضان المبارک کی مقدس ساعتوں میں خاص طور پر اپنے مرحوم بھائیوں کی مغفرت کے لئے دعاؤں اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں ۔

ادارہ نقیب کے تمام ارکان مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر شریک ہیں ، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے ، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر عطا فرمائے ! (آمین)